از دفتر مہتمم جنگلات ICBWM ڈویژن نیلم

☆☆☆

نمبر 437-42 مورخہ 10/02/2020

Pl do the needful
17.2.2020

میسرز:۔

راجہ محمد صدیق خان اینڈ کو،

مالک کشمیر فلورہ نرسری فارمز مظفر آباد آزاد کشمیر

عنوان:۔ ورک آرڈر برائے فراہمی وسپلائی پودہ جات ICBWM ڈویژن نیلم زیر منصوبہ TBTTP-AJK Component

تحریر ہے کہ آپ نے مورخہ 05-11-2019 کو بسلسلہ فراہمی و سپلائی بتفصیل ذیل پودہ جات انراخ فی پودہ مختلف اقسام معہ کل مالیت پیش کیے۔

18/2/2020

نمبر شمار	قسم پودہ جات	تعداد	سائز پودہ جات	نرخ فی پودہ (روپے)	کل مالیت (روپے)	مقام وصولی
01	دیودار / کائل	250000	"9 سے زائد	15.99	3997500	فارسٹ نرسریز چاہانہ، باڑیاں، کٹھہ چوگلی، نگدر، لوات، شاردہ، کیل، جانوئی، سرداری
02	چیڑھ	40000	"9 سے زائد	15	600000	---//---
03	یوکلپٹس/ کچنار وغیرہ، پھلائی وغیرہ	30000	'2 سے زائد	11.90	357000	---//---
04	کیکر	95000	"3.5 سے زائد	14.90	1415500	---//---
05	پاپلر	40000	"3.5 سے زائد	12.80	512000	---//---
06	دروہ	150000	"3.5 سے زائد	14.90	2235000	---//---
07	توت	40000	"3.5 سے زائد	13.90	556000	---//---
08	بینس، ہاڑی، شیشم وغیرہ	5000	"3.5 سے زائد	14.90	74500	---//---
	میزان	**6500000**			**9747500**	

آمدہ انراخ وتصریحات کا مجوزہ کمیٹی نے بنظر عمیق مورخہ 06-12-2019 تا 09-12-2019 مختلف نرسریز کا دورہ کرتے ہوئے جائزہ لیا۔ آپ کی طرف سے پیش کردہ انراخ کل مالیتی -/97,47,500 (ستانوے لاکھ سنتالیس ہزار پانچ صد) روپے کا متذکرہ کمیٹی نے تکنیکی اور مالی جائزہ لیتے ہوئے آپ کے پیش کردہ انراخ اور تکنیکی لحاظ سے پودوں کی فراہمی اور سپلائی کو موزوں قرار دیا ہے۔

دفتر ہذا سے زیر نمبر 38-337 مورخہ 10-01-2020 جناب ناظم تجدید جنگلات مظفر آباد سرکل کو 6,50,000 (چھ لاکھ پچاس ہزار) پودوں کی فراہمی وسپلائی کل رقمی -/97,47,500 (ستانوے لاکھ سنتالیس ہزار پانچ صد) روپے کی تکنیکی، انتظامی و مالی منظوری

کے علاوہ مرتب شدہ Bid Evaluation رپورٹ کو مطابق AJK PPRA رولز متعلقہ ویب سائٹ پر مشتہر کرنے کے لیے تحریک کی گئی۔

دفتر ہذا کی تحریک پر سیکرٹریٹ جنگلات ،اکلاس ،وائلڈ لائف وفشریز سے زیر نمبر س ج /63-1159/2020 مورخہ 04 فروری 2020 بمنشاء آزاد جموں وکشمیر ڈیلیگیشن آف فنانشل پاور رولز 2011ء ،سیکنڈ شیڈول پارٹ -II محکمہ جنگلات کے قاعدہ 10 کے تحت مالی وانتظامی منظوری فرمائی جاچکی ہے۔ مطابق منظوری آپ کے حق میں تابع شرائط ذیل ورک آرڈر جاری کیا جاتا ہے۔

شرائط:

1) جملہ پودوں کی فراہمی/سپلائی مطابق تصریحات کرنا ہوگی۔

2) آپ جملہ پودہ جات ورک آرڈر کی اجرائیگی سے اندر ایک ماہ فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔

3) دفتر ہذا پودہ جات کی مقام وصولی پر فراہمی اور بعداز شمارگی صرف صحت مند پودہ جات کی ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

4) نکاسی وترسیل پودہ جات ڈویژن ہذا کے نمائندہ کی موجودگی میں ہی قابل قبول ہوگی۔

5) پودہ جات صرف محکمہ کی طرف سے منتخب کردہ مقامات پر وصول کیے جائیں گے۔

6) آزادکشمیر میں رائج الوقت ٹیکسز کی کٹوتی کرتے ہوئے بل کی ادائیگی عمل میں لائی جائے گی۔

7) آپ ٹینڈر نوٹس، Biding Document اور معاہدہ نامہ کی تمام شرائط کے مطابق عمل درآمد کرنے کے پابند ہوں گے۔

8) محکمانہ تصریحات کے مغائر ناقص پودہ جات کی فراہمی/ سپلائی اور اندر معیاد کام مکمل نہ کرنے کی صورت میں زرضمانت بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے مطابق قواعد دیگر کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔

مہتمم جنگلات

ICBWM ڈویژن نیلم

نقل بالا بخدمت:

1) جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (ترقیات) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔

2) جناب ناظم اعلیٰ حسابات آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔

3) ناظم صاحب جنگلات تجدید سرکل مظفرآباد بغرض اطلاع۔

4) چیف صاحب پلاننگ محکمہ جنگلات فوکل پرسن (AJK-PPRA) مرسلہو کرتحریر خدمت ہے کہ Contract Award Report AJK-PPRA کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کا اہتمام فرمایا جائے۔

5) ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر صاحب ICBWM نیلم برائے اطلاع۔

6) آفس کاپی۔